© rasailojaraid.com



# غزل

جناب شارق میرٹھی ایم ۔ اے

ہر چیز میں دل کشی ملے گی — ذرّوں میں بھی روشنی ملے گی

ہر گام پہ راہ بر ملیں گے — ہر راہ میں رہ زنی ملے گی

کہتا تھا یہ کوئی دل جلا کل — مٹ جا کہ خود آگہی ملے گی

جب مجھ کو عطا ہوا کوئی غم — سمجھا کہ نئی خوشی ملے گی

یہ درد تو حاصلِ وفا ہے — اس درد سے زندگی ملے گی

دل راکھ ہو گیا ہے لیکن — چنگاری کوئی دبی ملے گی

دل غم ہے تمام پھر بھی شارق
ہونٹوں پہ مرے ہنسی ملے گی

---



## معراج نمبر

تقریباً ۔۔ ۲ صفحات — ہدیہ مبلغ دو روپے

(مفت حاصل کیجئے)

اگر آپ ماہنامہ "ہادی" دیوبند کا معراج نمبر مفت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آج ہی مبلغ پانچ روپے کا منی آرڈر ارسال فرما کر ایک سال کے لئے ہادی کی سرپرستی قبول فرمائیے ۔

"ہادی" میں تفسیر بیان القرآن از مولانا تھانوی اور دارالعلوم کے مستند فتادی ۔ ملک کے مشہور اہل قلم حضرات کے مقالات ، روح پرور نظمیں ، مذہبی اور اصلاحی افسانے شائع ہوتے ہیں جو آپ کو اپنے یہاں کے بک اسٹال سے بھی آٹھ آنے میں مل سکتا ہے ۔

ماہنامہ "ہادی" دیوبند ۔ یوپی




© rasailojaraid.com